سوال

(456) دونوں ہاتھوں سے مصافحہ کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مصافحہ میں دونوں ہاتھوں کا شمول ضرور ہے یا نہیں اور نہیں ہے تو ایک ساتھ سے مصافحہ کرنے کی کیا دلیل ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مصافحہ ایک ہاتھ سے بلکہ دائیں ہاتھ سے تو متفق علیہ ہی ہے اس میں کسی کو اختلاف نہیں ہے اختلاف ہے تو صرف اس میں ہے کہ مصافحہ میں بائیں ہاتھ کا شمول بھی ضرور ہے یا نہیں ؟ جو کہتا ہے کہ ضرور ہے وہی مدعی ہے اس دعوی کا بار ثبوت اسی کے ذمہ ہے اور جو کہتا ہے ضرور نہیں ہے وہ منکر ہے اور منکر کے ذمہ بار ثبوت نہیں ہوتا تاہم منکر کی طرف سے دلیل حسب ذیل ہے ۔

1۔ شرع شریف کا یہ ایک مستمرہ قانون ہے کہ جو امور کہ از باب تکریم و تشریف ہوں وہ دائیں ہاتھ سے کیے جائیں اور جو امور کہ تکریم و تشریف کے خلاف ہوں وہ بائیں سے کیے جائیں اور مصافحہ از قسم اول ہے پس مصافحہ بحکم قانون مذکور دائیں ہاتھ سے کیا جائے ۔ قانون مذکور کو امام نووی رحمة اللہ علیہ نے شرح صحیح مسلم میں زیر حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا :

"اِنَ کَانَ رَسُولُ اللّہِ صَلّی اللّہُ عَلَیہِ وَسَلّمَ لَیُحِبُ التَّیَمُّنَ فِی طُہُورِہِ اِذَا تَطَہّرَ، وَفِی تَرَجُّلِہِ اِذَا تَرَجّلَ، وَفِی انْتِعَالِہِ اِذَا انْتَعَلَ "وفی روایۃ ((یحب التیمن فی شانہ کلہ))"[1](الحدیث)

(بلاشبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات پسند تھی کہ جب وضو کریں تو دائیں طرف سے شروع کریں اور جب کنگھی کریں تو دائیں طرف سے کنگھی کرنا شروع کریں اور جوتا پہنیں تو پہلے دایاں جوتا پہنیں اور ایک روایت میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم دوسرے تمام کاموں میں بھی دائیں طرف سے شروع کرنا پسند فرماتے تھے)

بوضاحت تمام تحریر فرمایا ہے عبارت شرح صحیح مسلم کی یہ ہے ۔

"ہذہ قاعدۃ مستمرۃ فی الشرع وہی ان ماکان من باب التکریم والتشریف کلبس الثوب والسراویل والخف ودخول المسجد والسواک والاکتحال و تقلیم الاظفار وقص الشارب وترجیل الشعر وہو مشطہ و نتف الابط وحلق الراس والسلام من الصلاۃ و غسل اعضاء الطہارۃ والخروج من الخلاء والاکل والشرب والمصافحۃ واستلام الحجر الاسود وغیر ذلک مما ہو فی معناہ یستحب التیامن فیہ واما ماکان بضدہ کدخول الخلاء والخروج من المسجد والامتخاط والاستنجاء و خلع الثوب والسراویل والخف وما اشبہ ذلک فیستحب التیاسر فیہ وذلک کلہ لکراہۃ الیمین وشرفہا"[2] انتہی

(یہ شرع میں ایک مستقل قاعدہ ہے کہ جو کام تکریم وتشریف کے باب سے ہوں جیسے شلوار قمیص اور موزے پہننا مسجد میں داخل ہونا مسواک کرنا سرمہ لگانا ناخن تراشنا مو نچھیں کاٹنا بالوں میں کنگھی کرنا بغلوں کے بالاکھاڑنا سر مونڈھنا نماز میں سلام پھیرنا اعضائے وضو کو دھونا بیت الخلاسے نکلنا کھانا پینا مصافحہ کرنا حجر اسود کا استلام کرنا اوران کے علاوہ کام جو اس قسم کے ساتھ تعلق رکھتے ہوں ان میں دائیں طرف سے شروع کرنا پسندیدہ ہے اور جو کام ان کے بر عکس ہوں جیسے بیت الخلامیں داخل ہونا۔

مسجد سے نکلنا ناک صاف کرنا استنجا کرنا شلوار قمیص اور موزے اتارنا اور جو اس قسم کے دیگر کام ہیں ان کو بائیں ہاتھ (اور جانب) سے کرنا مستحب ہے یہ سب کچھ دائیں ہاتھ (اور جانب) کی کرامت و شرف کے سبب سے ہے)

اس قانون شرع کو حضرت سیدی شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی "غنیۃ الطالبین" میں ذکر فرمایا ہے "غنیۃ الطالبین" کی عبارت یہ ہے۔

"فصل فیما یستحب فعلہ بیمینہ ومایستحب فعلہ بشمالہ یستحب لہ تناول الاشیاء بیمینہ والاکل والشرب والمصافحۃ (الی قولہ) واما الشمال فلفعل الاشیاء المستقذرۃ وازالۃ الدرن کالاستنثار والاستنجاء وتنقیۃ الانف وغسل النجاسات کلہا" (ص: ۵۲)

(ان کاموں کے بارے میں فصل جن کو دائیں ہاتھ سے کرنا مستحب ہے اور جن کو بائیں ہاتھ سے کرنا مستحب ہے اشیا کو لینا دینا کھانا پینا اور مصافحہ کرنا دائیں ہاتھ سے مستحب ہے رہا بایاں ہاتھ تو وہ اشیاے مستقذرہ میل اتارنے جیسے ناک جھاڑنے استنجا کرنے ناک صاف کرنے اور تمام نجاستوں کو صاف کرنے کے لیے ہے)

2۔ مصافحہ عند اللقاء کے معنی ہیں ایک شخص کا اپنی ہتھیلی کو دوسرے کی ہتھیلی کے ساتھ ملانا۔ "لسان العرب" میں ہے۔

"الرجل یصافح الرجل اذا وضع صفح کفہ فی صفح کفہ وصفحا کفیہما وجہاہما ومنہ حدیث المصافحۃ عند اللقاء" انتہی[3]

(آدمی دوسرے آدمی سے مصافحہ کرنے والا اس وقت شمار ہوتا ہے جب وہ اپنی ہتھیلی دوسرے کی ہتھیلی کے ساتھ ملاتا ہے جب وہ دونوں اپنی ہتھیلیوں کے چہرے ایک دوسرے سے ملاتے ہیں اور ملاقات کے وقت مصافحہ کرنے والی حدیث اسی سے ہے)

یہ ظاہر ہے کہ مصافحہ کے یہ معنی متصافحین کے ایک ایک ہاتھ کے ملالینے سے حاصل ہوجاتے ہیں اس معنی کے حصول میں ہر ایک کے دونوں ہاتھوں کو ملائیں تو اگر مقراضی طور پر ملائیں تو مصافحہ دوا ہرا ہو جاتا اور دو مصافحہ کا ثبوت ایک ملاقات کے وقت کہیں سے نہیں ہوتا اور اگر مقراضی طور پر نہ ملائیں تو ہر ایک کے بائیں ہاتھوں کو مصافحہ بمعنی مذکور میں کچھ دخل نہیں ہوتا۔

---

[1] صحیح مسلم، رقم الحدیث (۲۶۸)

[2] شرح صحیح مسلم للنووي (۳/۱۶۰)

[3] لسان العرب (۲/۵۱۲)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

کتاب الادب، صفحہ:693

محدث فتویٰ